20936-کیازکاۃ کے مال سے مسلمان قیدی چھڑانے جائز ہیں ؟

سوال

کیازکاۃ کے مال سے مسلمان قیدیوں کوچھڑانا مندرجہ ذیل فرمان باری تعالی میں داخل ہے :

.{اورغلام آزاد کرانے میں}.. ؟

پسندیدہ جواب

کفار کے ہاتھوں سے مسلمان قیدیوں کو آزاد کروانا غلام آزاد کرانے سے افضل اور بہتر ہے ، اوراس فرمان باری تعالی میں بالاولی داخل ہوتا ہے ، کیونکہ ان قیدیوں کا اپنے اہل وعیال سے جدا ہونے میں انہیں ضرراور نقصان ہے ، اوراس میں ان کی تذلیل اور توہین اور تعذیب ہے ، لہذاانہیں آزاد کروانا اورچھڑانا غلام آزاد کرانے سے اولی اور افضل ہے .